# ملٹی پروفیشنلز کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی اسلام آباد

mpchs

Ref: MPCHS/MC/IG/TG/MG/ROS/AGM/30 Date: 24-11-2017

# ملٹی نیوز لیٹر

**آپ کا اعتماد ہمارا اثاثہ**





## معزز ممبران اسلام علیکم!

شروع اللہ کے پاک نام سے جو تمام کائنات کا خالق و مالک ہے۔ سالانہ اجلاس عام (AGM) کی تاریخ 20 دسمبر 2017ء بروز بدھ دن 11:30 بجے مقرر ہوئی ہے۔ ممبران اور سوسائٹی انتظامیہ کیلئے یہ اہمیت کا دن ہے جس کا پورا سال انتظار کیا جاتا ہے۔ یہ سالانہ اجلاسِ عام اس مرتبہ سوسائٹی کے ''ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم، بلاک F مرکز'' میں منعقد کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ جس کی بنیادی وجہ پوری سکیم میں ترقیاتی کاموں کے معیار اور رفتار کا ممبران کو مشاہدے کا موقع فراہم کرنا ہے۔

گزشتہ اجلاس عام سے لے کر اب تک سوسائٹی کی تمام سکیموں میں بلعموم اور ملٹی گارڈنز B-17 سکیم میں باالخصوص اہمیت کے حامل ترقیاتی کام تکمیل پا چکے ہیں یا آخری مراحل میں ہیں۔ کچھ نئے منصوبوں کا آغاز بھی ہوا ہے اس لئے مجوزہ اجلاس عام (AGM) آپ سب کیلئے دلچسپی کا حامل ہوگا۔ سوسائٹی انتظامیہ اور عملہ مقررہ وقت اور جگہ پر آپ کا منتظر ہوگا۔ اُمید ہے کہ آپ اس اہم موقع پر اپنی شرکت یقینی بنائیں گے۔ اجلاس کے اختتام پر آپ کے لئے حسبِ روایت ضیافت کا انتظام کیا گیا ہے۔ سوسائٹی آپ کی تجاویز اور ماہرانہ رائے کا خیر مقدم کرے گی۔




# پراگریس رپورٹ


## اسلام آباد گارڈنز۔سیکٹر E-11/1 اور E-11/3 اسلام آباد

الحمدللہ یہ دونوں سیکٹر مکمل ہو چکے ہیں۔ دونوں سیکٹر، تعمیراتی کام، خوبصورت **Layout Plan** اور سیکورٹی نظام کی وجہ سے اپنی مثال آپ ہیں۔سوسائٹی کی طرف سے صفائی اور دیگر تنصیبات کی دیکھ بھال کیلئے جو انتظامات کیے گئے ہیں اُن کا اعتراف نہ صرف وہاں کے مکین، بلکہ اسلام آباد کے دیگر شہری بھی برملا کرتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ اِن دونوں سکیموں میں پلاٹ یا مکان کی مارکیٹ ویلیو دیگر سیکٹرز کے مقابلے میں زیادہ ہے۔سکیم میں از سرنو اسفالٹ، لائن مارکنگ اور کیٹ آئی ریفلیکٹر (Cat Eye Reflector) لگانے کا کام جاری ہے۔سکیم میں سٹریٹ لائٹس، بجلی کی نئی لائنیں اور علیحدہ ٹرانسفارمر لگائے گئے ہیں۔سکیم کی صفائی کو جانچنے اور سیکورٹی کیلئے CCTV کیمرے پوری طرح فعال ہیں۔انہی مثالی انتظامات کی وجہ سے لوگ یہاں رہائش پذیر ہونے کو ترجیح دیتے ہیں۔


سکیم میں خوبصورت گھر کا منظر


اسفالٹ، لائن مارکنگ اور کیٹ آئی ریفلیکٹر


تمام سکیموں میں 24 گھنٹے CCTV سرویلنس




# ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 سکیم، اسلام آباد

اسلام آباد میں سی ڈی اے کے زون II کی واحد مکمل سکیم ہے۔فتح جنگ روڈ پر جی ٹی روڈ ترنول ریلوے کراسنگ اور موٹروے کے ترنول انٹرچینج کے وسط میں واقع ہے۔ یہ سکیم اسلام آباد انٹرنیشنل ائرپورٹ سے قریب ترین ہے۔ زمین کے حصول سے لے کر رہائشی مکانات، تجارتی مراکز اور دیگر تمام سہولیات سے مزین یہ سکیم سوسائٹی کی پیشہ وارانہ مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔گھروں اور تجارتی پلازوں کی تعمیر تقریباً مکمل ہے۔ مکینوں کیلئے خوبصورت مساجد، فلٹریشن پلانٹ، تجارتی مراکز، زیر زمین بجلی، سٹریٹ لائٹس، سوئی گیس، پارکس، بچوں کے جھولے اور 24 گھنٹے سیکورٹی انتظامات تو پہلے سے ہی موجود تھے۔ اسکے علاوہ ہسپتال، ڈائیلاسس سینٹر، بینک، انٹرنیٹ اور ٹیلیفون کی جدید سہولیات ممبران کو مہیا کی جا چکی ہیں۔سکیم میں رہائش پذیر ممبران اور اس میں آنے والے دیگر ممبران کیلئے مین گیٹ سے سفاری وین کا اجراء کیا جا چکا ہے۔سکیم میں پانی کیلئے ایک ٹیوب ویل کی تعمیر مکمل ہوگئی ہے جبکہ 3 سے 4 مزید ٹیوب ویل لگانے کا کام جاری ہے۔ترنول ریلوے کراسنگ کو وسیع کر دیا گیا ہے اور جلد ہی فتح جنگ روڈ کو دو رویہ منصوبہ شروع ہونے کو ہے۔سکیم میں 500 سے 600 خاندان رہائش پذیر ہیں۔


پلے ایریا، ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 سکیم

سکیم کی سڑکوں کی صفائی کے علاوہ ہر گھر کے سامنے سے کوڑا کرکٹ اٹھانے کا بندوبست کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ بہت سے گھروں کی تعمیر تیزی سے جاری ہے۔ نئے انٹرنیشنل ایئرپورٹ تک رسائی کے لئے میٹروبس کے ٹریک بچھانے کا کام تیزی سے جاری ہے۔ نیو انٹرنیشنل ائرپورٹ اور سی پیک سے متصل ہونے کی وجہ سے یہاں پلاٹوں کی خریداری دسترس سے باہر ہونے کا امکان ہے۔اس سکیم کی تمام تر جدید سہولیات آپ کی منتظر ہیں۔



## ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم

سوسائٹی کا یہ سب سے بڑا منصوبہ ہے۔یہ سکیم راولپنڈی سے پشاور جانے والی جی ٹی روڈ اور موٹر وے (M-1) دونوں کے درمیان ایک دوسرے سے منسلک ہے۔ مارگلہ پہاڑیوں کا دامن اس کی خوبصورتی کی علامت ہے۔اس سکیم کو موٹروے اور جی ٹی روڈ سے منسلک کرنے کیلئے سنگجانی انٹرچینج عوام الناس کیلئے کھول دیا گیا ہے۔اس سکیم کا محلِ وقوع مستقبل میں انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا۔


مجوزہ مونامنٹ، ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم

ملک کے بالائی علاقوں۔وسط ایشیائی ریاستیں۔افغانستان اور چین سے آنے والے تمام لوگوں کا دارالحکومت میں داخلے کا یہ پہلا پڑاؤ ہوگا۔ مستقبل کی انہی ضروریات کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اس سکیم کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔گیٹ نمبر 1 اور گیٹ نمبر 2 پر لینڈ سکیپنگ ،ایلیمنٹ اور سائن بورڈ کا کام مکمل ہو چکا ہے جس سے سکیم کی خوبصورتی میں بے پناہ اضافہ ہو گیا ہے۔ سکیم میں اسفالٹ، لائن مارکنگ اور کیٹ آئی ریفلیکٹر (Cat Eye Reflector) لگانے کا کام تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔سکیم میں انڈر گراؤنڈ بجلی ،سٹریٹ لائٹس ، پانی گیس، انٹرنیٹ، کیبل اور ٹیلیفون جیسی سہولیات ممبران کو مہیا کر دی گئی ہیں۔


جامع مسجد حضرت بلالؓ، ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم

سکیم میں ممبران کی سہولت کے لئے 24 گھنٹے ایمبولینس کی سہولت میسر ہے جبکہ وزٹ کے لئے آنے والے معزز مہمانوں کے لئے سفاری وین سروس بھی جاری ہے۔ بلاک A,B سے ملحقہ گرین بیلٹ میں تفریحی سرگرمیوں کیلئے جگہ مختص کی گئی ہے۔ اس پوری بیلٹ میں فٹبال اور کرکٹ گراؤنڈ کے علاوہ، منی گالف کورس، چڑیا گھر، پارک، ریسٹورانٹ، ٹینس کلب اور بے شمار تفریحی سرگرمیوں کی گنجائش رکھی گئی ہے۔کرکٹ گراؤنڈ اور فٹ بال گراؤنڈ مکمل تیار ہو گئے ہیں جہاں پر کھیلوں کے کئی مقابلے ہو چکے ہیں، چڑیا گھر کی تعمیر کیلئے دو پارٹیوں سے بات چیت چل رہی ہے بہت جلد اس سکیم میں چڑیا گھر کی تعمیر کا آغاز ہونے والا ہے۔سکیم میں ایک جدید طرز کی منفرد مارکی تعمیر کی جا رہی ہے جس کی وجہ سے یہاں کی رونق میں مزید اضافہ ہوگا۔


مجوزہ چڑیا گھر، ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم







مجوزہ فوارہ، ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم

بلاک B میں سکیم کی خوبصورتی کے لئے فوارے لگائے گئے ہیں اور ایک مونومنٹ کی تعمیر آئندہ ماہ کے آخر تک مکمل ہو جائے گی۔ جبکہ ملٹی کلب کی تزئین و آرائش کا کام آخری مراحل میں ہے۔ انشاءاللہ یہ بھی بہت جلد اپنا کام شروع کردے گا۔ سکیم کے اندر کشادہ سڑکوں کے ساتھ ساتھ جھیل اور پارک جگہ جگہ لوگوں کی دلچسپی کا باعث بن رہے ہیں۔ بلاک F میں کمرشل ایریا۔ جامع مسجد حضرت علیؑ اور ولاز کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے اور مزید ولاز کی تعمیر کیلئے تقریباً 300 سے زائد پلاٹ الاٹ کئے جا رہے ہیں۔ بلاک A سے بلاک E اور F تک 110 فٹ چوڑی مین شاہراہیں مکمل ہیں۔ جو آمد و رفت کیلئے کھول دی گئی ہیں۔ اس شاہراہ کی وجہ سے اب جی ٹی روڈ سے موٹروے تک کا فاصلہ چاروں بلاکوں کے درمیان سے ہوتا ہوا سگنل فری ٹریفک کے ہونے کی وجہ سے 5 سے 10 منٹ کا رہ گیا ہے۔ شاہراہ کے اطراف میں تمام علاقوں کو پوری سکیم کے ساتھ مربوط کردیا گیا ہے۔

سکیم کے کچھ علاقے میں زمین کے حصول میں دشواری کا سامنا رہا۔ انتظامیہ کی بھرپور کوششوں سے اب صورت حال بہت بہتر ہوگئی ہے۔ بلاک D اور بلاک C کا کافی علاقہ اب حاصل کیا جا چکا ہے۔ وہ ممبران جو جلد گھر بنانا چاہتے تھے جیسا کہ پچھلی AGM میں اعلان کیا گیا تھا انہیں متبادل پلاٹ دے دیئے گئے ہیں۔ مستقبل قریب میں باقی پلاٹوں کے قبضوں کا حصول سوسائٹی کے لئے ممکن ہو سکے گا۔ سکیم میں 600 سے 700 خاندان رہائش پذیر ہیں جبکہ 1150 سے زائد گھروں کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔ غرضیکہ سکیم اپنی نوعیت کا ایک منفرد رہائشی منصوبہ ہے جو آپ لوگوں کی رہائش کا منتظر ہے۔


اسفالٹ، لائن مارکنگ اور کیٹ آئی ریفلیکٹر کا کام تکمیل کے آخری مراحل میں


میڈیکل سینٹر، ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم




# ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم

ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈ فارم ہاؤسنگ سکیم خوبصورتی میں یہ اپنی مثال آپ ہے۔ یہ سکیم ملک میں فارم ہاؤس جیسے منصوبوں کیلئے ایک مثالی نمونہ ہوگی۔ سونے پہ سہاگہ اس کا محلِ وقوع ہے جو جھنگ باہتر انٹرچینج کے ذریعے موٹروے سے متصل ہے۔

ہکلہ سے ڈیرہ اسماعیل خان (M-14) موٹر وے اور ہزارہ ایکسپریس وے کی تعمیر مکمل ہونے کے بعد یہ سکیم اس روٹ پر واقع ہے جہاں گوادر پورٹ سے خنجراب تک مجوزہ پاکستان چین کا مشترکہ تجارتی منصوبہ (ٹریڈ کاریڈور) قومی و بین الاقوامی ماہرین کے مطابق پاک چین مشترکہ تجارتی منصوبہ پاکستان کی ترقی میں سنگِ میل ثابت ہوگا۔ جس میں بے پناہ بین الاقوامی سرمایہ کاری کے ساتھ ساتھ روزگار کے وسیع مواقع موجود ہونگے۔ ملٹی ریذیڈنشیا اور آرچرڈ فارم ہاؤسنگ سکیم کا یہ منصوبہ سوسائٹی کی ایک شاہکار سکیم ہے، جو دوسروں کیلئے بھی قابلِ تقلید ہے۔

ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈ فارم ہاؤسنگ سکیم کے بلاک D میں ترقیاتی کاموں جن میں روڈز، فٹ پاتھ، مرکز کا پارک آخری مراحل میں ہے۔ بلاک C میں مسجد حضرت عثمان غنیؓ کی تعمیر آخری مراحل میں ہے جبکہ بلاک B کی زیر تعمیر مسجد خدیجۃ الکبریٰ آئندہ تین ماہ میں مکمل ہو جائے گی۔ بلاک A اور B میں فٹ پاتھ، واکنگ ٹریک بن گئے ہیں۔ فٹ بال گراؤنڈ میں لینڈ سکیپنگ اور ایمپورٹیڈ گھاس لگایا جا رہا ہے اور فلڈ لائٹ نصب کر دی گئی ہیں۔ سکیم میں رہائش پذیر ممبران اور آنے والے دیگر مہمانوں کیلئے گیٹ سے سفاری وین کی سہولت مہیا کر دی گئی ہے۔ مذکورہ سکیم کی خوبصورتی کیلئے ایمپورٹیڈ پام درخت، گھاس اور چیڑ کے پودے لگائے جا رہے ہیں۔ سکیم میں سڑکوں کے میڈین کی لینڈ سکیپنگ سے اس کی خوبصورتی میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ سیکورٹی کیلئے گارڈ کی تعداد میں اضافہ کیا گیا ہے۔ اس سکیم میں بھی ایک جدید مارکی زیر تعمیر ہے۔ اس کے علاوہ تقریباً 150 کنال پر محیط بین الاقوامی معیار کا گالف کلب بنایا جا رہا ہے۔ جس کی تعمیر کی ذمہ داری ایک بین الاقوامی کمپنی کو دی گئی ہے۔ وہاں پر بیرون ممالک کے کلبوں کے تعاون سے میچ منعقد کرائے جائیں گے۔





جامع مسجد ابوبکر صدیق، بلاک C


فٹ بال ٹورنامنٹ، ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈ فارم ہاؤسنگ سکیم

## سیکورٹی انتظامات

سوسائٹی کی تمام سکیموں میں موجودہ سیکورٹی صورتحال کے پیش نظر جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کئے گئے ہیں۔ سوسائٹی کی سکیموں کے اردگرد حفاظتی دیوار اور خاردار تاران کے اُوپر CCTV کیمرے نصب کئے جا چکے ہیں ہیں جہاں ہمہ وقت سیکورٹی گارڈ ڈیوٹی ادا کرتے ہیں۔ ان تمام اقدامات کے علاوہ سیکورٹی کا باقاعدہ الگ ڈیپارٹمنٹ قائم کیا گیا ہے جس کے انچارج میجر (ر) عبدالعزیز نیازی ہیں جن کا موبائل نمبر 0333-5186656 اور سیکورٹی سپروائزر صوبیدار نثار احمد جن کا موبائل نمبر 0336-5574652 ہے۔ سیکورٹی سے متعلق کسی بھی شکایت کی صورت میں ان سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔


فول پروف سیکورٹی انتظامات

## بقایا رقوم کی ادائیگی

سوسائٹی اپنے وعدے پورے کرنے کی پوری کوشش کر رہی ہے۔ ترقیاتی کاموں کے معیار میں کسی بھی سطح پر سمجھوتہ نہیں کیا گیا۔ اس دوران بے حد مشکلات اور رکاوٹوں کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ مہنگائی کی صورتحال نے مشکلات میں اضافہ کیا لیکن انتظامیہ کی بھرپور کوشش رہی کہ ترقیاتی کاموں کے تسلسل میں رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ یہی وجہ ہے کہ آج سوسائٹی کی تمام سکیمیں آپ کی رہائش کی منتظر ہیں۔ بہت سے لوگ آج بھی وہاں رہائش پذیر ہیں جبکہ ایک وسیع علاقہ آپ سے توقع رکھتا ہے کہ اس پر جلد از جلد تعمیراتی کام شروع کیا جائے۔ انتظامیہ کی ہمیشہ یہی کوشش رہی ہے کہ آپکو ہر وہ سہولت مہیا کی جائے جو آج کے دور کی متقاضی ہے۔ یہ سب اسی صورت میں ممکن ہے جب آپ اپنے بقایا جات کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنائیں اور اپنے پلاٹوں کا قبضہ حاصل کر کے جلد از جلد تعمیراتی کام شروع کر دیں۔ انتظامیہ آپکے اس عمل میں آپکا بھرپور ساتھ دے گی۔ اپنے بقایا جات **29 دسمبر 2017ء** سے پہلے بذریعہ پے آرڈر/ڈیمانڈ ڈرافٹ بنام ''ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی''، ملٹی مینشن، G-8 مرکز، اسلام آباد میں جمع کروادیں یا پے آرڈر/ڈیمانڈ ڈرافٹ سوسائٹی ایڈریس پر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک/ TCS بھجوا دیں۔ **پے آرڈر/ڈیمانڈ ڈرافٹ کی پشت پر اپنا ممبر شپ نمبر اور نام لکھنا نہ بھولیں۔** ممبران سے گزارش ہے کہ وہ اپنے ای میل، موبائل نمبر اور ایڈریس کی تبدیلی کی صورت میں عامر ایاز علی سے فون نمبر 051-2254115 پر فوری رابطہ کریں تاکہ آپ سے رابطہ کرنے میں آسانی ہو سکے۔





MPCHS ہیڈ آفس، اسلام آباد

## سالانہ اجلاس عام

جیسا کہ شروع میں بتایا گیا ہے کہ ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی اسلام آباد (MPCHS) کی سکیموں "ملٹی ہومز" سیکٹر E-11 سکیم، "فیملی گارڈنز" سیکٹر F-17 سکیم، "ملٹی گارڈنز" سیکٹر B-17 سکیم اور "ملٹی ریذیڈینشیا اینڈ آرچرڈز" فارم ہاؤسنگ سکیم کے تمام ممبران کا سالانہ اجلاس عام (AGM) بمورخہ 20-12-2017 بروز بدھ بوقت 11:30 بجے "ملٹی گارڈنز" سیکٹر B-17 سکیم، بلاک F مرکز میں منعقد ہوگا۔ وقت کی پابندی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

تمام ممبران سے شرکت کی پرزور درخواست کی جاتی ہے۔ اجلاس میں صرف اور صرف سوسائٹی ممبران شرکت کر سکتے ہیں۔ ممبران کے علاوہ کسی اور کو داخلے کی اجازت نہیں ہوگی حتیٰ کہ دوست احباب یا فیملی ممبران بھی شرکت کے اہل نہیں ہوں گے۔ لہٰذا اجلاس میں شرکت کے وقت کسی بھی قسم کی پریشانی سے بچنے کیلئے صرف ممبران ہی تشریف لائیں۔ ممبرشپ کے ثبوت کیلئے ٹرانسفر لیٹر یا الاٹمنٹ لیٹر کے ساتھ اصل شناختی کارڈ لانا لازمی ہے۔ ممبران کی آسانی کے لیے GPO صدر راولپنڈی اور ملٹی مینشن G-8 مرکز اسلام آباد آفس اور وہ کلینک چیری نمبر 3 سے اجلاس عام میں شرکت کے لیے گاڑیوں کا انتظام کیا گیا ہے۔ جو ممبران اس سہولت سے استفادہ حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ دن 10:00 بجے تک مقررہ مقامات پر پہنچ جائیں۔

## مجوزہ ایجنڈا

(1) تلاوت کلام پاک۔ (2) صدر کا خطبہ استقبالیہ۔ (3) سوسائٹی کی کارکردگی رپورٹ۔ (4) کارروائی گزشتہ اجلاس عام منعقدہ 18-12-2016 کی توثیق۔ (5) نئے ممبران کے داخلے اور اخراج کی توثیق۔ (6) آڈٹ رپورٹ سال 2016-2017 اور بجٹ مالی سال 2017-2018 کی منظوری۔ (7) مختلف افراد، کمپنیوں، ڈویلپرز، کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹ کے ساتھ سوسائٹی کے منصوبوں پر عمل درآمد کے سلسلے میں کیے گئے معاہدوں کی منظوری۔ (8) سوسائٹی میں نئے ملازمین کی تقرری، پروموشن اور برخاستگی کی منظوری۔ (9) سوسائٹی کی مختلف سکیموں کیلئے اراضی کا تبادلہ اور خریدی گئی اراضی و قبضہ اور آبادیوں کیلئے کئے گئے معاہدوں کی منظوری۔ (10) تمام سکیموں میں نئے ڈویلپمنٹ کنسٹرکشن کے کاموں، ترقیاتی کاموں کی مد میں ادا کردہ بلز، سروس چارجز اور سکیموں میں توسیع کی منظوری۔ (11) تمام سکیموں میں فروخت کئے گئے رہائشی، کمرشل، شاپنگ سنٹر، ہسپتال، سکول، اپارٹمنٹ، ٹاؤن ہاؤس، ولیج پلاٹوں کی منظوری۔ (12) ملٹی ہومز کی تعمیر کے منصوبے کی منظوری۔ (13) تمام سکیموں کے رہائشی اور کمرشل پلاٹوں کی قیمتوں میں کئے گئے اضافے کی منظوری۔ (14) وقفہ سوالات۔ (15) اس کے علاوہ دیگر اتفاقی حالات پر صدر کی منظوری سے بات کی جاسکتی ہے۔ (16) اختتام میٹنگ کے فوراً بعد۔

چوہدری محمد اکرم سرور
(جنرل سیکرٹری ملٹی سوسائٹی)


**ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، ملٹی مینشن G-8 مرکز، اسلام آباد۔ پاکستان**

فون نمبر: 051-2254115, 2253470, 2261204 مزید معلومات کے لئے رابطہ عامر ایاز 0300-5276817

محسن علی 0333-7818959 علی شان 0332-5514842

ویب سائٹ: www.mpchs.com ای میل: info@mpchs.com